© rasailojaraid.com



# مکاتیب

(۱)

۹ر ربیع الاول،۲رفروری ۲۰۱۲

بخدمت محترم مولانا زاہد الراشدی زیدمجدہم

محترم مولانا۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

آپ کو یہ جان کر یقیناً خوشی ہوگی کہ وہ شخص جس کے لیے آپ نے قارئین الشریعہ سے دعائے صحت کی درخواست کی تھی، وہ بالآخر اتنا صحت مند ہو ہی گیا کہ مایوسی کے ساتھ ہندوستان جا کر پھرلندن لوٹ آیا ہے۔آپ ہی نے سب سے پہلے خاکسار کے لیے دعائے صحت کی درخواست کی تھی، سو آپ ہی کو سب سے پہلے بہتری کی اطلاع دے رہا ہوں۔ڈیڑھ سال سے قلم ہاتھ میں نہیں لیا تھا۔اسی کا اثر ہے کہ حروف صاف نہیں بن رہے۔بالفاظ دیگر لکھنا بھول گیا ہوں۔کمپیوٹر کی وجہ سے لکھنے کی عادت چھوٹ بھی گئی تھی۔

ایک ہفتہ ہوا یہاں آیا ہوں۔سال گزشتہ کے کچھ شمارے مع جنوری ۲۰۱۲ء کے شمارے کے رضی سلمہ سے نکلوائے اور سب ہی پڑھ ڈالے۔ماشاءاللہ فورم میں گرما گرمی بہت بڑھ رہی ہے۔مگر جس بات پر لکھے بغیر رہا نہیں جا رہا، وہ تو آپ کی ''علمی اور مطالعاتی زندگی'' ہے اور جو لکھے بغیر رہا نہیں جا رہا، وہ صرف یہ ہے کہ اپنے مولانا تو بڑے چھپے رستم نکلے۔اس بندے کو دعائیں جس نے ساری کتاب زندگی کھلوا کے رکھ دی۔والسلام

میاں عمار صاحب کو سلام دیں۔

ممنون کرم

(مولانا)عتیق الرحمٰن (سنبھلی)

(۲)

برادرم......صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

آپ کا بے حد شکریہ کہ آپ نے بڑی دلچسپی اور بھرپور تنقیدی نظر سے میری معروضات کا مطالعہ کیا اور تنقیح طلب نکات کی تعیین فرمائی۔آپ کے سوالات کے حوالے سے اپنا نقطہ نظر آئندہ سطور میں پیش کر رہا ہوں۔



© rasailojaraid.com